www.KitaboSunnat.com

اختر راہی

تعارف و تبصرۂ کتب

شمائل رسول ؐ

مؤلّف : شیخ یوسف بن اسماعیل نبہانی

مترجم : محمد میاں صدیقی

ناشر : المعارف ۔ گنج بخش روڈ ۔ لاہور

صفحات : ۱۶۰ قیمت : ۶ روپے

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عادات و اطوار سے متعلق کئی کتابیں لکھی گئی ہیں ۔ امام محمد بن عیسیٰ ترمذیؒ نے " الشمائل " میں جملہ روایات جمع کر دی ہیں جو نبی اکرم ؐ کی عاداتِ طیبہ پر روشنی ڈالتی ہیں ۔ زیرِ نظر تالیف بھی شمائلِ نبویؐ کی عکاسی ہے ۔ مؤلّف نے امام ترمذیؒ کی درج کردہ تمام روایات نقل کی ہیں مگر ذوقِ زمانہ کے پیشِ نظر ترتیب بدل دی ہے نیز اسناد حذف کر دی ہیں ۔ مؤلّف نے کتاب کو زیادہ جامع اور منفرد بنانے کے لیے دوسری مستند کتابوں سے بھی اخذ و اقتباس کیا ہے اور بجا طور پر " شمائلِ رسول " اپنے موضوع پر جامع اور منفرد ہے ۔

کتاب آٹھ ابواب پر مشتمل ہے : ۱ ۔ نسب ، اسماء شریفہ ۲ ۔ حلیۂ مبارک ۳ ۔ لباس اور ہتھیار ۴ ۔ کھانا ، پینا اور سونا ۵ ۔ اخلاق و عادات ۶ ۔ عبادت ، ذکر و شغل ۷ ۔ مختلف احوال ، دعائیں ، نصائح ۸ ۔ علاج ، عمر شریف ، مرض الموت ، وصال

فاضل مترجم کا اندازِ بیان واضح ، سلیس اور رواں ہے " ترجمہ پن " کا قطعاً احساس نہیں ہوتا ۔ چند ناموں کی کتابت غلط ہوئی ہے مثلاً ص ۱۶ پر مدّاحِ رسول کعب بن زہیر کو کعب بن زبیر لکھ دیا گیا ہے اسی طرح ص ۲۲ پر بوصیری کے بجائے " ابوصیری " رقم ہے جو درست نہیں ۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ